ShiaEdu.com

# فوائدِ دُعائے منظوم حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ

جو مومن کہ باعتقاد درست اور توجہ قلب سے باطہارت بعد نماز اس خمسہ متبرکہ حضرت امیر المومنینؑ کو پڑھے تو فوائدِ مندرجہ ذیل پر کامیاب ہو۔

رضائے الٰہی صفائی باطن روشنی دل، دفع وسوسۂ شیطان، نجات آتش دوزخ سے داخل ہونا جنت میں، اجابت دعا ترقی و دولت، وسعت رزق، ادائے قرض حفاظت شر دشمن سے، پناہ ظلم بادشاہ جابر سے، دفع مرض ہر اقسام و حصول درستی، دفع تنگ دستی، غرض کہ فوائد اس کے تحریر سے باہر ہیں۔

| | |
|---|---|
| يَا سَامِعَ الدُّعَاءِ | وَيَا فَاطِرَ السَّمَاءِ |
| اے بار خدایا سننے والے دعا کے | اے پیدا کرنے والے آسمان کے |
| وَيَا دَائِمَ الْبَقَاءِ | وَيَا وَاسِعَ الْعَطَاءِ |
| اور اے ہمیشہ قائم رہنے والے | اور اے فراخ بخشش والے |
| لِذِي الْفَاقَةِ الْعَدِيمِ | |
| واسطے محتاج نادار کے | |
| وَيَا عَالِمَ الْغُيُوبِ | وَيَا سَاتِرَ الْعُيُوبِ |
| اور اے جاننے والے غیب کے | اور اے چھپانے والے عیبوں کے |
| وَيَا غَافِرَ الذُّنُوبِ | وَيَا كَاشِفَ الْكُرُوبِ |
| اور اے بخشنے والے گناہوں کے | اور اے دور کرنیوالے سختیوں کے |
| عَنِ الْمُرْهَقِ الْكَظِيمِ | |
| سختی میں گرفتار اور غصہ پینے والے | |
| وَيَا فَالِقَ الصِّفَاتِ | وَيَا مُخْرِجَ النَّبَاتِ |
| اور اے بالاسب تعریفوں کے | اور اے اگانے والے سبزہ کے |
| وَيَا جَامِعَ الشَّتَّاتِ | وَيَا مُنْشِئَ الرُّفَاتِ |
| اور اے جمع کرنے والے متفرقات کے | اور اے پیدا کرنے والے ریزوں کے |
| مِنَ الْأَعْظُمِ الرَّمِيمِ | |
| استخوان بوسیدہ سے | |
| وَيَا مُنْزِلَ الْغِيَاثِ | مِنَ الدُّلَّجِ الْحَنَاتِ |
| اور اے نازل کرنیوالے مینہ کے | چلنے والے بادل سے |

ShiaEdu.com





عَلَى الْحُزُنِ وَالدِّمَاثِ اِلَى الْجُوَّعِ الْغَرَاثِ

اوپر سخت اور نرم زمین کے طرف گرسنہ زمین قابل زراعت کے

مِنَ الْهُزَّمِ الرَّزُوْمِ

ابر جمع ہوئے سے

وَيَا خَالِقَ الْبُرُوْجِ سَمَآءٍ بِلَا فُرُوْجٍ

اور اے پیدا کرنے والے برجوں آسمان کے آسمانوں بغیر شگافوں کے

مَعَ اللَّيْلِ ذِي الْوُلُوْجِ عَلَى الضَّوْءِ ذِي الْبُلُوْجِ

ساتھ رات کے کہ صاحب تاریکی کے ہے اوپر روشنی ستاروں کے

يُغَشِّي سَنَا النُّجُوْمِ

چھپانے والے روغنی ستاروں کے

وَيَا فَالِقَ الصَّبَاحِ وَيَا فَاتِحَ النَّجَاحِ

اور اے ظاہر کرنیوالے صبح کے اور کھولنے والے دروازوں فیروزی کے

وَيَا مُرْسِلَ الرِّيَاحِ بُكُوْرًا مَّعَ الرَّوَاحِ

اور اے بھیجنے والے ہواؤں کے پس پیدا کرتے ہیں وہ ابر کو

فَيُنْشِئْنَ بِالْغُيُوْمِ

پس ظاہر کرتا ہے ابروں میں

وَيَا مُرْسِيَ الرَّوَاسِخِ اَوْتَادُهَا الشَّوَامِخِ

اور اے بلند کرنیوالے پہاڑوں محکم کے کہ کیا ان کو میخیں زمین کی

فِيْ اَرْضِهِ السَّوَائِخِ اَطْوَادُهَا الْبَوَاذِخِ

بیچ زمین شوریدہ کے میخیں اس کی مضبوط

ShiaEdu.com



مِنْ صُنْعَةِ الْقَدِيْمِ

کاری گری قدیم سے

وَيَا هَادِيَ الرَّشَادِ | وَيَا مُلْهِمَ السَّدَادِ

اور اے ہدایت کرنیوالے راہ راست کے | اے دل میں ڈالنے والے نیکیوں کے

وَيَا رَازِقَ الْعِبَادِ | وَيَا مُحْيِيَ الْبِلَادِ

اور اے رزق دینے والے بندوں کے | اور اے زندہ کرنیوالے شہروں کے

وَيَا فَارِجَ الْغُمُوْمِ

اور اے دور کرنیوالے غم و اندوہ کے

وَيَا مَنْ بِهٖ اَعُوْذُ | وَيَا مَنْ بِهٖ اَلُوْذُ

اور اے وہ کہ ساتھ اس کے پناہ مانگتا ہوں | اور اے وہ کہ ساتھ اسکے حاجت چاہتا ہوں

وَمَنْ حُكْمُهُ النُّفُوْذُ | فَمَا عَنْهُ لِيْ شُذُوْذٌ

اور اے وہ کہ اسکا حکم سب شے پر جاری ہوا | پس نہیں ہے میرے واسطے کنارہ

تَبَارَكْتَ مِنْ حَلِيْمٍ

بزرگ ہے تو از روئے حلم کے

وَيَا مُطْلِقَ الْاَسِيْرِ | وَيَا جَابِرَ الْكَسِيْرِ

اور اے آزاد کرنیوالے بندۂ قیدی کے | اور اے جوڑنیوالے عضو شکستہ کے

وَيَا مُغْنِيَ الْفَقِيْرِ | وَيَا غَاذِيَ الصَّغِيْرِ

اور اے دولتمند کرنیوالے فقیروں کے | اور اے غذا دینے والے طفل صغیر کے

وَيَا شَافِيَ السَّقِيْمِ

اور اے شفا دینے والے بیمار کے

ShiaEdu.com



وَيَا مَنْ بِهِ اعْتِزَازُ
اور اے وہ کہ اس کو ہے نگہداشت ہر چیز کی

وَيَا مَنْ بِهِ احْتِرَازُ
اور اے وہ کہ بچانے والا ہے

مِنَ الذُّلِّ وَالْمَخَازِ
خواری سے اور رسوائی سے

وَالْآفَاتِ وَالْمَرَازِ
اور آفتوں سے اور بدی سے

اَعِذْنِي مِنَ الْهُمُومِ
پناہ دے مجھ کو غموں سے

وَمِنْ جِنَّةٍ وَّاِنْسٍ
اور جنات سے اور آدمیوں سے

لِذِكْرِ الْمَعَادِ مُنْسٍ
واسطے یاد کرنے جگہ پاک کے

لِلْقَلْبِ عَنْهُ مُقْسٍ
دل کو قیامت سے سخت کرنیوالے

وَمِنْ شَرِّ غَيِّ نَفْسٍ
اور بدی ہر نفس شریر سے

وَشَيْطَانِهَا الرَّجِيمِ
اور شیطان سنگسار مردود سے

وَيَا مُنْزِلَ الْمَعَاشِ
اور اے نازل کرنیوالے روزی کے

عَلَى النَّاسِ وَالْمَوَاشِ
اور آدمیوں کے اور حیوانوں کے

وَالْاَفْرَاخِ فِي الْعِشَاشِ
اور مرغ کے بچوں پر گھونسلوں میں

مِنَ الطُّعْمِ وَالرِّيَاشِ
قسم غذا سے اور لباس سے

تَقَدَّسْتَ مِنْ عَلِيمٍ
پاک و پاکیزہ ہے تو جاننے والا

وَيَا مَالِكَ النَّوَاصِ
اور اے مالک بالوں پیشانی کے

لِلْمُطِيعَاتِ وَالْعَوَاصِ
واسطے فرمانبرداروں اور گنہگاروں کے

ShiaEdu.com



| | |
|---|---|
| فَمَا عَنْهُ مِنْ مَّنَاصٍ | لِعَبْدٍ وَّلَا خَلَاصٍ |
| پس نہیں ہے بھاگنا خدائے تعالیٰ سے | واسطے بندے اپنے کے اور نہ رہائی پانا |

لِمَاضٍ وَّلَا مُقِيْمٍ

نہ مردہ کو اور نہ زندہ کو

| | |
|---|---|
| وَيَا خَيْرَ مُسْتَعَاضٍ | بِمَحْضِ الْيَقِيْنِ رَاضٍ |
| اور بہترین عوض چاہے گیوں کے | یقین کو پسند کرنے والے |
| بِمَا هُوَ عَلَيْهِ قَاضٍ | مِنْ اَحْكَامِهِ الْمَوَاضِ |
| ساتھ اس چیز کے کہ وہ اس پر جاری کرنیوالا | حکم اپنے جاری ہونے والے سے |

تَعَالَيْتَ مِنْ حَكِيْمٍ

برتر ہے تو اے حکیم

| | |
|---|---|
| وَيَا مَنْ بِنَا مُحِيْطٌ | وَعَنَّا الْاَذٰى يُمِيْطُ |
| اور اے وہ کہ ہم پر اور ہر چیز پر محیط ہے | اور ہم سے دُور کرنے والا رنج کا |
| وَمَنْ مُّلْكُهُ الْبَسِيْطُ | وَمَنْ عَدْلُهُ الْقَسِيْطُ |
| اور وہ کہ ملک اس کا فراخ ہے | اور اے وہ کہ حکم اس کا انصاف ہے |

عَلَى الْبَرِّ وَالْاَثِيْمِ

اوپر بے گناہوں اور گنہگاروں کے

| | |
|---|---|
| وَيَا رَائِيَ اللُّحُوْظِ | وَيَا سَامِعَ اللُّفُوْظِ |
| اور اے دیکھنے والے اشاروں کے | اور اے سننے والے کلاموں کے |
| وَيَا قَاسِمَ الْحُظُوْظِ | بِاِحْصَائِهِ الْحُفُوْظُ |
| اور اے تقسیم کرنیوالے حصوں کے | ساتھ شمار اپنے کے کہ نگہبان ہے |

ShiaEdu.com



بِعَدْلٍ مِّنَ الْقَسِيْمِ

عدل کے ساتھ مقرر کردہ قسمتوں سے

| | |
|---|---|
| وَيَا مَنْ هُوَ السَّمِيْعُ | وَمَنْ خَلْقُهُ الْبَدِيْعُ |
| اور اے وہ کہ سننے والا ہے | اور اے وہ کہ پیدائش اسکی نادر ہے |
| وَمَنْ عَرْشُهُ الرَّفِيْعُ | وَمَنْ جَارُهُ الْمَنِيْعُ |
| اور وہ کہ عرش اس کا بہت بلند ہے | اور وہ کہ ہمسایہ اس کا قوی ہے |

مِنَ الظَّالِمِ الْغَشُوْمِ

سخت ظالم سے

| | |
|---|---|
| يَا مَنْ حَبَا فَاَسْبَغَ | مَا قَدْ حَبَا وَسَوَّغَ |
| اے وہ کہ بخشا پھر پورا کیا | جو کچھ کہ دیا پورا کیا |
| وَيَا مَنْ كَفٰى وَبَلَّغَ | مَا قَدْ صَفَا وَفَرَّغَ |
| اور اے وہ کہ کفایت کرتا ہے اور پہنچاتا ہے | جو چیز کہ صاف ہے کرتا ہے |

مِنْ مَّنَّةِ الْعَظِيْمِ

اپنے بڑے احسان سے

| | |
|---|---|
| وَيَا مَلْجَاَ الضَّعِيْفِ | وَيَا مَفْزَعَ اللَّهِيْفِ |
| اور اے جائے پناہ ناتوانوں کے | اور اے جائے فریاد اندوہناک ہے |
| تَبَارَكْتَ يَا لَطِيْفُ | رَحِيْمٌ بِنَا رَءُوْفٌ |
| بزرگ ہے تو اور مہربانی کرنیوالا | بخشش کرنیوالا ساتھ ہمارے مہربانی کرنیوالا |

خَبِيْرٌ بِنَا كَرِيْمٌ

خبر رکھنے والا ہمارے ساتھ اور اکرام کرنیوالا

ShiaEdu.com



وَيَا مَنْ قَضٰى بِحَقٍّ عَلٰى نَفْسِ كُلِّ خَلْقٍ

اور اے وہ کہ حکم کرنے والے ساتھ راستی کے اور پر ہر ذات پیدا کئے ہوئے کے

وِفَاقًا بِكُلِّ وِفْقٍ فَمَا يَنْفَعُ التَّوَقِّ

اور واسطے وفاق کے ہر ایک جگہ میں پس فائدہ نہیں دیتا بچنا

مِنَ الْمَوْتِ وَالْحُتُوْمِ

موت حتمی سے

تَرَانِيْ وَلَا اَرَاكَ وَلَا رَبَّ لِيْ سِوَاكَ

دیکھتا ہے تو مجھکو اور نہیں دیکھتا میں تجھکو اور نہیں ہے پروردگار میرا سوا تیرے

فَقُدْنِيْ اِلٰى هُدَاكَ وَلَا تَغْشَنِيْ رَدَاكَ

پس کھینچ تو مجھ کو طرف راہ راست کے اور نہ پہنا مجھ کو چادر ہلاکت کی

بِتَوْفِيْقِكَ الْعَصُوْمِ

توفیق سے کہ بچانے والی ہے

وَيَا مَعْدِنَ الْجَلَالِ وَذَا الْعِزِّ وَالْجَمَالِ

اور اے پروردگار صاحب جلال اور صاحب بزرگی اور جمال کا

وَذَا الْكَيْدِ وَالْمِحَالِ وَذَا الْمَجْدِ وَالْمَعَالِ

اور اے صاحب اپنی قوت و قدرت کا اور اے صاحب بزرگی اور معال کا

تَعَالَيْتَ مِنْ رَّحِيْمٍ

بزرگ ہے تو رحم کرنے والا

اَعِذْنِيْ مِنَ الْجَحِيْمِ وَمِنْ هَوْلِهَا الْعَظِيْمِ

رہائی دے مجھ کو دوزخ سے اور اس کے ہول سے کہ بہت بڑا ہے

ShiaEdu.com



وَمِنْ عَيْشِهَا الذَّمِيْمِ
اور زندگی دوزخ سے کہ بدتر ہے

وَمِنْ حَرِّهَا الْمُقِيْمِ
اور گرمی اس کی سے کہ ہمیشہ ہے

وَمِنْ مَآءِهَا الْحَمِيْمِ
اور پانی اس کے سے کہ کھولتا ہے

وَاَصْحِبْنِيَ الْقُرْاٰنِ
اور مصاحب بنا میرا قرآن کو

وَاَسْكِنِّيْ الْجِنَانِ
اور آرام دے مجھ کو بہشت میں

وَزَوِّجْنِيَ الْحِسَانِ
اور کدخدائی کر میری ساتھ حوروں کے

وَنَاوِلْنِيَ الْاَمَانِ
اور پہنچا مجھ کو مقام امن میں

اِلٰى جَنَّةِ النَّعِيْمِ
طرف بہشت نعمت والی کے

اِلٰى نِعْمَةٍ وَّلَهْوٍ
طرف نعمتوں عیش و طرب کے

بِغَيْرِ اسْتِمَاعِ لَغْوٍ
بغیر سنے باتوں بیہودہ کے

وَلَا بِادِّكَارِ شَجْوٍ
اور نہ ساتھ یاد کرنے حزن و غم کے

وَلَا بِاعْتِدَادِ شَكْوٍ
اور نہ حد سے گذرنے شکایتوں کے

سَقِيْمٍ وَّلَا كَلِيْمٍ
بیمار ہوں اور نہ زخمی ہوں

اَلْمَنْظَرِ التَّرِيْهِ
طرف اس مکان کے کہ پاک ہے

اَلَّذِيْ لَا لُغُوْبَ فِيْهِ
اور وہ مکان کہ نہیں ہے ماندگی اسمیں

هَنِيْئًا لِّسَاكِنِيْهِ
خوشگوار ہے اس کے رہنے والوں کو

فَطُوْبٰى لِعَامِرِيْهِ
پس مبارک ہے واسطے قیام کرنے والوں اس کے

ذَوِی الْمُدْخَلِ الْکَرِیْمِ
صاحب بزرگ مرتبہ کے ہیں

| | |
|---|---|
| اِلٰی مَنْزِلٍ تَعَالٰی | بِالْحُسْنِ قَدْ تَلَالَا |
| طرف مکان کے کہ بزرگ ہے | جو اپنی خوبی کیوجہ سے روشن ہے |
| بِالنُّوْرِ قَدْ تَوَالَا | تَلْقٰی بِہِ الْجَلَالَا |
| ساتھ نور کے کہ پے درپے ہے | ملاقات کرتے ہیں اس میں صاحب بزرگی |

مِنْ بَارِیءِ النَّسِیْمِ
خالق نسیم ہے

| | |
|---|---|
| اِلَی الْمَفْرَشِ الْوَطِیِّ | اِلَی الْمَلْبَسِ الْبَهِیِّ |
| طرف فرش بچھے ہوئے کے | طرف لباس کے کہ روشن ہے |
| اِلَی الْمَطْعَمِ الشَّهِیِّ | اِلَی الْمَشْرَبِ الْهَنِیِّ |
| طرف کھانوں لذیذ کے | طرف شراب کے کہ گوارا ہے |

مِنَ السَّلْسَلِ الْخَتِیْمِ
اور خوشگوار پانی سے مہر لگی ہوئی ہوگی

| | |
|---|---|
| یَا وَالِیَ الْوَلِیِّ | صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ |
| اے وارث ہر ولی کے | رحمت نازل کر اوپر نبی صلعم کے |
| وَاٰلِہِ التَّقِیِّ | اِرْحَمْ عَلَی الْعَلِیِّ |
| اور آل ان کی کہ پاک ہیں | رحم کر تو اوپر علیؑ کے |

بِاِحْسَانِکَ الْقَدِیْمِ
ساتھ اپنے احسان کے کہ قدیم ہے